حضرت امام حسینؓ (حضرت رسولؐ اور جگر گوشہ بتولؓ) تھے آپ نے اس پاکیزہ ترین ماحول میں پرورش پائی۔ جس کے حصول کے لئے لوگوں کو میلوں چل کر آنا پڑتا تھا۔ جو صحبت رسولؐ سے اپنی بگڑی بنالیں اور اپنا رنگ چڑھالیں جس کے سامنے دنیا بھر کے سارے رنگ پھیکے نظر آتے ہیں کہ یہ رنگ چڑھ جاتا تھا۔ پھر اس کے سامنے اللہ اور رسولؐ کے سوا کسی شے کی کوئی حیثیت نہ ہوتی تھی۔ الغرض اس کا مرنا جینا صرف اعلائے کلمۃ الحق کے لئے ہوتا تھا۔ حضرت امام حسینؓ نے بھی تو اسی پاک ماحول میں زندگی کا قابل رشک دور گزارا تھا۔ سو آپ یزید کی اطاعت کیسے کر سکتے تھے جبکہ وہ پوری طرح پر اس بات کا اہل نہ تھا۔ اور ویسے بھی حضرت اپنے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے بخوبی آگاہ تھے۔

"اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہوتی"۔

یزید اور اس کے رفقاء نے ہر چند کوشش کی کہ جب ان کو یقین کامل ہوگیا کہ ہم کسی صورت میں بھی کامیاب نہیں ہو سکتے تو انہوں نے حضرت امام حسینؓ کو اپنے راستے سے ہٹانے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ آپ کو اطلاع ملی تو آپ نے حج کے ارادہ سے مکہ المکرمہ کی طرف سفر شروع کر دیا۔ وہاں جا کر آپ کو علم ہوا کہ حاجیوں کی صورت میں کچھ لوگ آپ کو قتل کرنے کے لئے آ گئے ہیں۔ اس لئے آپ نے حج کی جگہ عمرہ کر کے وہاں سے رخصت ہونا مناسب سمجھا تاکہ یہ حرمت والا شہر جہاں

کی یہ ہرگز پرواہ نہیں کی گئی تھی کہ یہ بے رحم ہاتھوں سے میرا خون نہیں بہایا جانا چاہیئے۔ آخر آپ نے کوفہ والوں کی اپیل پر لبیک کہتے ہوئے اپنا سامان اور مال اسباب ساتھ لیا ہے۔ یہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ آپ کا ارادہ [illegible] آپ کے [illegible]

ایک روز جو وہاں کے لوگ تھے اب آپ کے [illegible] ارادہ [illegible] کرتے ہیں [illegible] انکار کرتے ہیں تو پھر اس عالم بے سروسامانی میں [illegible] کے لئے وہاں جنگ لڑنا پڑ جاتی ہے لیکن آپ نے باطل کے سامنے تسلیم خم کرنے کی بجائے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنے نانا رسولؐ کے اسوہ پر چلتے ہوئے راہ حق میں سب کچھ قربان پیش کرنے کا فیصلہ کیا۔ کربلا تک آنے والے بہتر افراد [illegible] کی چوٹ جا پہنچی کہ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد۔ پانی پینے کی بندش کر دی گئی تھی۔ حضرت امام حسینؓ اور عرب کی تپتی ہوئی ریت

اور اس کے ساتھ ساتھ بھوک اور پیاس اور اس پر طرہ یہ کہ دشمن آپ کے وجود مسعود کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے لیکن حضرت امام عالی مقام ان مصائب و آلام کی کچھ پرواہ نہیں کرتے بلکہ حقیقی کے ساتھ دل لگائے۔ ان کے اخلاقات کو فراموش نہیں کرتے۔ پانی کا نایاب ہونے کے باوجود تیمم سے نماز عشق ادا کی ایک مرتبہ جب آپ نے اپنے لخت جگر نور چشم علی اکبر کو خون میں غسل کر کے طہارت ابدی حاصل کرتے دیکھا۔ ان کے سر کو اپنے زانو پر رکھا تاکہ آخری بار اپنی آنکھیں ٹھنڈی کر لیں۔ دفعتاً آپ نے دیکھا کہ آپ کی ہمشیرہ محترمہ حضرت زینبؓ سوال میں آ رہی ہیں جب آپ نے فوراً بہن کو خیمہ میں پردہ کی جگہ پہنچایا۔ اس موقع پر حضرت امام حسینؓ یہ ثابت کرتے ہیں کہ آپ کا مقصود اعلائے کلمۃ الحق تھا۔ اور حق کے ساتھ پابندی کر کے یہ دکھانا مطلوب تھا کہ اتباع قرآن و سنت یہ ہے کہ کسی حال میں بھی اطاعت الٰہی سے منہ نہ موڑا جائے۔

لیکن وہ الفراق وہ جو یاس گھڑی تھی جب امام عالی مقامؓ کا ترو تازہ گلستان آپ کی آنکھوں کے سامنے بیابان میں تبدیل کیا گیا۔ زبان نے آف تک نہ کی لبوں پر خدا سے شکوہ نہ ہوئی۔ اسی لئے صبر و رضا میں کوئی لغزش کل میں نہ ہوئی۔ سلام کہ آپ کا سر کٹ گیا۔ اس پر کہ باطل کے سامنے سر نیاز نہ جھکایا بلکہ حق ہی کا پرچم بلند رکھا اور جان کی بازی لگا دیا۔ یہ صرف اسی کا حق ہو سکتا ہے۔ جب کا جینا اور مرنا صرف اور صرف حق کے بول بالا کے لئے ہو۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند این عاشقان پاک طینت را

ظاہر پرستوں کے نزدیک اس زوال میں یزیدی لشکر کی فتح ہوئی اور حضرت حسینؓ کو شکست۔ مگر یہ خیال قطعی غلط ہے۔ درحقیقت اس معرکہ حق و باطل میں حقیقی فتح حضرت حسینؓ ہی کی ہوئی۔ اگرچہ اس میں شک نہیں کہ آپ کے معصوم بچوں کو سخت پیاس کی حالت میں بھی پانی کا ایک قطرہ تک میسر نہ ہوسکا۔ ان کے تمام عزیز اور رفقاء ایک ایک کر کے خاک و خون میں تڑپتے گئے خود ان کا سر مبارک بھی تن سے جدا کیا گیا مگر اس کے باوجود یہی کہنا پڑتا ہے کہ حقیقی معنوں میں کامیابی و کامرانی حضرت حسینؓ کے عظیم تر مقاصد کو حاصل ہوئی جنہوں نے حق کی راہ میں سر تو دے دیا مگر باطل کے سامنے جھکنے کا تصور تک بھی گناہ عظیم سمجھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا نام نامی اسم گرامی آج تک زندہ و تابندہ ہے اور انشاء اللہ تاقیامت رہے گا۔

وادی کربلا سے دوستو یہ پیغام آتا ہے
کہ مومن سر بکف ہو کر خدا کے کام آتا ہے
حسینؓ ابن علیؓ تم راہ حق پہ ہو گئے قربان
اسی سے مومنوں کے لب پہ تیرا نام آتا ہے

حضرت امام حسینؓ کے واقعہ شہادت کے اندر مستقبل تک قیام جمہوریت اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو جو عظیم الشان پیغام مضمر موجود ہیں۔ ان کو ہمیں ہمیشہ تازہ رکھنا چاہیئے۔ اس شہادت نے دین کامل سبق پڑھا دیا اس شہادت نے حق اور باطل کے درمیان ایک ایسی حد فاصل اور حد فارق قائم کر دی جو کسی پائمال صفت کے گزرنے سے گزر نہیں سکتی۔ اور کسی باطل منش کے جانے کے بعد بھی چھپ نہیں سکتی۔ یہ وہ شہادت ہے جو ہمیں صبر و شکر، استقلال و استقامت، شجاعت و بہادری، اتفاق و اتحاد اخلاص و محبت، عزم بالجزم، راسخ الاعتقادی، حق شناسی رضا جوئے الٰہی، پابندیٔ فرائض، راست بازی و صداقت غیرت دینی، حمیت اسلامی، اور اخلاق فاضلہ کا بصیرت افروز درس دیتی ہے۔

حضرت حسینؓ امام عالی مقام کی یہ شہادت ہمیں درس عبرت دیتے ہوئے یہ مطالبہ بھی کرتی ہے کہ:

"اگر وقت کا حاکم جو ظالم و جابر ہو کسی امر میں احکام الٰہی سے روگردانی کرنے والا ہو تو مومنوں کو چاہیئے کہ اس کے ساتھ کسی قسم کی وفاداری کا عہد نہ کریں اور جسم و خواہشات سے بے نیاز ہو کر اس کے ظلم و طغیان اور بے دینی جیسے امور کے خلاف برابر جدوجہد کریں کیونکہ یہی اسوۂ حسینی ہے ورنہ کیا وہ ان کے بالمقابل یزیدیت نہیں"

"وہ جو اللہ تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے (قرآن مجید) کے مطابق حکم نہیں کرتے وہی لوگ فاسق ہیں۔" (القرآن)

"اللہ اگر چنگ صداقت پر مبنی ہو تو اس کے لئے قوت اور طاقت کا توازن ضروری نہیں"

"سستی نہ کرو۔ اور نہ ہی غم کرو غالب تم ہی رہو گے اگر تم مومن ہو۔" (القرآن)

حق تعالیٰ مسلمانوں کو توفیق عطا فرمائیں کہ وہ شہادت حسینؓ کی حقیقت کو سمجھیں اور اپنی جہالت و نادانی سے ایسے عمل ترک کر دیں۔ جن سے شہدائے کربلا کی روحوں کو اذیت پہنچے۔ آمین ثم آمین۔

سلام بحضور امام عالی مقام

کس طرح حال تن زخم رسیدہ لکھوں
شکستہ دل پہ چلتے ہوئے میں شہ کا قصیدہ لکھوں

کیسے لکھوں کہ علمدار پہ کیا گزری تھی
شام غم کیا ہے غم ہائے بریدہ لکھوں

موسم گل تو نہیں موسم خزاں آیا ہے
چشم نرگس کو بھی اب شاخ تپیدہ لکھوں

کربلا آ تری دکھی قسم مجھے سینے کے
میں بھی تو حال کوئی دیدہ شنیدہ لکھوں

تجھ سے پیاسا پلٹ آیا کوئی اے شط فرات
تیرے ساحل کو نیلوں پہ چشم دریدہ لکھوں

بہ نسیم کے یہ نئے مجھے اپنے کئی ہیں
سر وغم رسالت کو خمیدہ لکھوں

دین تازہ ہوا خیرات حسینؓ ابن علیؓ
کیوں نہ میں اس کو جنت کا جریدہ لکھوں

بچھ کو کب ہو تاب [illegible]
ترکی [illegible] تپش دل و دیدہ لکھوں

جز بلندی تو مسند کی سیادت محسن
کچھ یہاں شبیر کے اوصاف حمیدہ لکھوں

محسن احسانی

آپ کے خط

مسلم پاکستانات کی تصویر

ڈیئر ایڈیٹر صاحب

میں ان سطور کے ذریعے آپ کے قارئین کی توجہ ایک انتہائی شرمناک حرکت کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں۔

میں نے پچھلے دنوں KNOWLEDGE کے نام سے ایک میگزین دیکھا جو گولڈ داز پریس نیویارک سے شائع کیا گیا ہے۔ یہ ایک چوتھا حصہ سالہ ہے جس کے آخری صفحہ پر حضور اکرم کی ذات مبارک سے متعارف کرانے کی کوشش کی گئی ہے اور اس تعارف کو زیادہ پرکشش بنانے کے لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بے بنیاد تصویر کا کاروبار سارا لگا گیا ہے جو انتہائی شرمناک فعل ہے۔ ہم مسلمانوں کو اس پرچے کے منتظمین سے باز پرس کرنی چاہیئے۔ کیونکہ سرور کائنات کی تصویر بنانا عالم اسلام کو تو چھوڑئیے حضور کی تصویر کا وجود ہی نہیں ہے تو پھر خیالی تصویر بنا کر ہمارے جذبات کیوں مجروح کئے جاتے ہیں؟

حضور اکرم کی ذات مبارک اتنی اعلیٰ و ارفع ہے کہ اگر ہم تصورات کی دنیا میں آپ کی ذات اقدس کا کروڑ حصہ بھی جاننا چاہیں تو نہیں جا سکتے۔ اور ان کا فروں کی جرات دیکھئے کہ من گھڑت تصویر بنا کر چھاپ دی۔

اس نازیبا اور دل شکن حرکت کرنے والوں کو تنبیہ کی ضرورت ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ مسلمانوں کے خلاف زہر اگلنے کی اس سازش کا فوری تدارک ہونا چاہیئے تاکہ آئندہ وہ محتاط رہیں۔

میں آخر میں ان سطور کے ذریعے ایڈیٹر سے گزارش کروں گی کہ وہ اس احتجاج کو اندر شائع کریں۔

نجمہ انصاری
ونڈسر۔ کینیڈا

ریڈیو پروگرام "صدائے پاکستان"

محترمی ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم

ہر اتوار ۸ بجے شام CHIN-FM پر پروگرام "صدائے پاکستان" سن کر یوں لگتا ہے جیسے ہم اپنے ملک میں بیٹھے ہیں۔ خاص طور سے تلاوت کلام پاک اور اردو کے ترجمے سے پروگرام کی ابتداء بہت اچھی لگتی ہے۔ میں آپ کے اخبار کے ذریعے اس پروگرام کے منتظمین اور میزبانوں کو عیدالفطر کا خصوصی پروگرام اور نماز عید کی خصوصی رپورٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کی یہ کوشش واقعی قابل تعریف ہے۔ انہوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس پروگرام کا مقصد صرف گانے اور فلمی اشتہارات پیش کرنا نہیں ہے۔ امید ہے آئندہ بھی ہم ایسے خصوصی پروگرام سنیں گے۔ ہماری دعا ہے کہ یہ پروگرام آگے بڑھ کر بڑھ کر ایک گھنٹے کا ہو جائے۔ (آمین)

پرویز نسیم فراشو

مکہ مکرمہ کی فضا لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ سے گونج اٹھی

پاکستان اس وقت ۶۵ ارب روپے کا مقروض ہے * جماعت

حکومت نے اقتصادی پالیسی کی اصلاح نہ کی تو ملک کا دیوالیہ ہو جائے گا

دفاع کی نسبت فیڈرل سیکورٹی فورس کے اخراجات میں اضافہ کی شرح زیادہ ہے

جماعت اسلامی کی مجلس شوریٰ نے ملک کی گرتی ہوئی اقتصادی حالت پر انتہائی تشویش ظاہر کی ہے اور کہا ہے کہ حکومت ... فیڈرل سیکورٹی فورس کے اخراجات کی شرح اضافہ دفاعی اخراجات ... سے بھی زیادہ ہے۔

... باوجود یہ دعویٰ پیش کیا جاتا ہے کہ موجودہ گرانی حکومت کا قصور نہیں ہے عالمی گرانی کا نتیجہ ہے۔ حالانکہ دیگر ممالک میں شرح گرانی ۵ فیصد ہے جبکہ پاکستان میں گرانی میں اضافہ خود حکومت کے اعداد و شمار کے مطابق بھی ۲۴ فیصد ہوا ہے۔ دوسرے ممالک میں اگر چیزوں کی قیمتیں بڑھی ہیں تو آمدنیوں میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہوا ہے۔

... خود پاکستان میں جو اب ملبے کے کرنسی نوٹ گردش میں ہیں ... دولت مند لوگوں پر ٹیکسوں کا بوجھ ... لوگوں پر ٹیکسوں کا ۹۰ فیصد بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ ۱۹۷۱ء میں ...

عالم اسلام کی قوت و خوشحالی کے لیے باہمی اتحاد کو مضبوط بنائیں

اعدائے اسلام دین حق میں تحریف کی مذموم سازشوں میں مصروف ہیں: خطبۂ حج

عرفات (مکہ مکرمہ) ... دنیا بھر سے آئے ہوئے ... لاکھ سے زائد فرزندان توحید نے آج حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی ...

... طواف کعبہ کے موقع پر خطبۂ حج کے دوران خطیب نے ... دنیا بھر کے مسلمانوں کے اتحاد، ترقی و خوش حالی کی دعا کی۔



ملکۂ ترنم نور جہاں کے خلاف تحقیقات کرائی جائے گی

اسلام آباد ۔۔۔ (پی پی آئی) حکومت نے برصغیر کی مشہور مغنیہ اور سابق فلم ملکۂ ترنم نور جہاں کے خلاف کویت اور دیگر عرب ریاستوں کے حالیہ دورہ کے دوران ملک کی ساکھ کو نقصان پہنچانے اور بد سلوکی کے الزامات کی تحقیقات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے آج بتایا کہ حکومت نے اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور مراسلوں کا نوٹس لیا ہے جو ان ممالک سے موصول ہوتے ہیں اور جن میں نور جہاں پر الزامات لگائے گئے ہیں۔ الزامات درست ثابت ہوئے تو حکومت مناسب کارروائی کرے گی ...

پاکستان میں وسیع پیمانے پر تیل اور گیس کے ذخائر

کینیڈا کی فرم نے رپورٹ پیش کر دی: قومی اسمبلی کا وقفہ سوالات

اسلام آباد ۔۔۔ (اے پی پی) پاکستان میں تیل اور گیس کے وافر ذخائر دستیاب ہونے کے روشن امکانات ہیں یہ بات کینیڈا کی ایک فرم کی رپورٹ میں بتائی گئی ہے جو اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت کام کر رہی ہے۔ اس امر کا انکشاف آج قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران کیا گیا۔ وفاقی وزیر تیل و قدرتی وسائل مسٹر یوسف خٹک نے بتایا کہ یہ رپورٹ میسرز ایکرز انٹرنیشنل لمیٹڈ نے تیار کی ہے ... وسیع پیمانے پر تیل کی تلاش کے لئے کھدائی کا کام کیا جائے ...

مسٹر یوسف خٹک نے کہا کہ رپورٹ میں تیل اور گیس کے کم سے کم استعمال کے بارے میں کوئی سفارش نہیں کی گئی۔

ایک برس کے دوران بیس ہزار پاکستانی تلاش روزگار میں ملک سے باہر چلے گئے

تربیت یافتہ افراد کی شدید کمی پیدا ہو گئی

کراچی ۔۔۔ (پی پی اے) حکومت پاکستان تربیت یافتہ افراد کی ... ملک سے باہر چلے جانے کے ...

ملک میں عام انتخابات آئندہ سال اگست میں ہونے کا امکان

پیپلز پارٹی فروری میں اپنے منشور میں انقلابی تبدیلیوں کا اعلان کرے گی

ملتان ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) انتہائی قابل اعتماد ذرائع کے مطابق ملک میں عام انتخابات آئندہ سال اگست میں منعقد ہوں گے۔ اس سے پہلے آئندہ ماہ حکمران جماعت کی تنظیم نو اور نئے عہدیداروں کا اعلان کر دیا جائے گا۔ ان ذرائع کے مطابق فروری میں پیپلز پارٹی اپنے منشور میں دور رس اور انقلابی تبدیلیوں کا اعلان کرے گی۔ اور نئے منشور پر ہی برسر اقتدار پارٹی انتخابات لڑے گی۔ وزیر اعظم بھٹو ملک کے مختلف حصوں کا دورہ بھی کریں گے ...

مولانا عبدالستار نیازی کو گرفتار کر لیا گیا

میانوالی میں قابل اعتراض تقریر کرنے کا الزام

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) انارکلی سرکل پولیس نے آج رات قریباً ۱۱ بجے جمعیت العلمائے پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالستار خان نیازی کو لکشمی چوک میں واقع ان کی اقامت گاہ سے گرفتار کر لیا ... میانوالی میں قابل اعتراض تقریر کرنے کے الزام میں ان کے خلاف ... مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس مولانا عبدالستار خان نیازی کو ایک سرکاری گاڑی میں بٹھا کر نامعلوم مقام کی طرف لے گئی ہے۔

آر سی ڈی ممالک نے مشترکہ بنک قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا

تہران ... آر سی ڈی ... کے تینوں رکن ملکوں (پاکستان، ترکی اور ایران) نے ایک خاص اجلاس میں مشترکہ بنک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ٹورانٹو میں عید الضحیٰ

اس سال ٹورانٹو میں عید الضحیٰ کی مقدس تقریب نہایت احترام سے منائی گئی۔ ایک اندازے کے مطابق سی۔ این۔ ای کی کرشچین ... بلڈنگ میں تقریباً ۸ ہزار کے مجمع نے ... توحید نے نماز عید ادا کی۔

منتظمین نے عید گاہ میں ... کا بہتر انتظام کر رکھا تھا۔


اس اجتماع میں عالم اسلام کے استحکام اور اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔



فوٹو: شاہد ہاشمی

قائد اعظمؒ نے اکھنڈ بھارت کیلیے میری تمام کوششیں ناکام بنا دیں: ماؤنٹ بیٹن کا اعتراف

ہندوستان پر برطانوی راج کے دن پورے ہو چکے تھے، مشرقی پاکستان ۲۵ سال تک بھی متحد نہیں رہ سکتا تھا



Ontario RENT REVIEW

These are the facts:

اشتہار کا بیان RESIDENTIAL PREMISES RENT REVIEW ACT صوبے کی بہت سے مکان مالکوں اور کرایہ داروں پر اثر پذیر ہوتا ہے۔ یہ قانون مالک مکان کی مقرر کی ہوئی کرایہ کی رقم پر نظر ثانی کی اجازت دیتا ہے۔ اس قانون کے تحت مالک مکان اور کرایہ داروں کو اپنی اپنی ذمہ داری اور اپنے حقوق سے واقف رہنا ضروری ہے۔ حکومت اونٹاریو کرایہ مکان کی تنقیح کے لیے صوبے کے بڑے شہروں میں دفاتر قائم کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ تنقیح کرنے والے آفیسر کرایہ مکان کے اضافے پر مالک مکان اور کرایہ داروں کے اختلافات سنیں گے۔

ایک ولیسیا بورڈ بھی قائم کیا جا رہا ہے جو کرایہ مکان کی تنقیح کرنے والے آفیسروں کے فیصلے کے خلاف مالک مکان اور کرایہ دار کی اپیل سنے گا۔

یہ قانون کونسی جگہوں پر لاگو ہوتا ہے؟

اپارٹمنٹ، گھر، ٹاؤن ہاؤز، ڈیوپلیکس، ٹرپلیکس، کمرے، موبائل ہوم، RENT-GEARED-TO-INCOME UNITS

مستثنیات کیا ہیں؟

- بعض ایسے گھر جو منافع حاصل کرنے کے لیے نہ بنائے گئے۔
- ہوٹل، موٹل یا تعطیلات گزارنے کے لیے کرایہ پر حاصل کیے گئے گھر جن میں مسلسل رہائش کی مدت چار مہینے سے زیادہ نہ ہو۔
- ایسی عمارتیں جن میں یکم جنوری 1976 یا اس کے بعد پہلی بار رہائش اختیار کی گئی ہو۔
- تجارتی قیام گاہ۔

یہ قانون کیسے کام کرتا ہے؟

اگر ۳۱ جولائی اور ۳۱ دسمبر 1975 کے درمیانی عرصے میں آپ کا کرایہ داری کا معاہدہ شروع ہوا ہے یا ہونے والا ہے اور اس کی تجدید کی ہے تو آپ کرایہ [illegible]

ان معاہدوں میں یکم اگست 1975 سے پہلے کرایہ مکان کا زیادہ سے زیادہ اضافہ [illegible] کرایہ کے آٹھ فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا تاوقتیکہ:

(ا) مالک مکان اور کرایہ دار نے آپس میں کرایہ کی بڑھی ہوئی شرح سے اتفاق کر لیا ہو۔

(ب) یا مالک مکان نے کرایہ مکان کی تنقیح کرنے والے آفیسر سے قانونی رضامندی حاصل کر لی ہو۔

کوئی مالک مکان مکان کی تنقیح کرنے والے آفیسر کو آٹھ فیصد سے زائد کرایہ بڑھانے کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔ کوئی کرایہ دار درخواست دے سکتا ہے کہ مالک مکان کرایہ میں اضافے کو حق بجانب ثابت کرے۔ ایسی درخواستیں ۳۱ جنوری 1976 سے پہلے پہلے تیار ہو جانی چاہئیں۔ اگر کوئی مالک مکان یا کرایہ دار کرایہ کی اضافی شرح سے اتفاق کر لیں تو وہ ۳۱ جنوری 1976 سے پہلے پہلے معاہدے کا فارم پُر کر لیں۔ ایسے معاہدے کی نقلیں دونوں پارٹیوں کے پاس رہنا چاہئیں۔ اس کے لیے فارم حاصل کرنا ہو تو اس پتے پر لکھیے:—

Rent Review,
Box 580. Postal Station F. Toronto. M4Y 2L8.

یا پھر آپ اس معاہدے کے پیچھے اشتہار میں دیا ہوا فارم استعمال کیجیے۔

کوئی کرایہ دار اگر چاہے تو یہ معاہدہ ختم کر سکتا ہے۔ اس کے لیے اُسے معاہدے کی تاریخ سے تیس دن کے اندر دوسرا تنسیخ کا فارم پُر کرنا ہوگا۔

کرایہ کی شرح میں اضافے کا فارم پُر کر کے کرایہ دار جو یکم جولائی سے ۳۱ دسمبر 1975 کے درمیان کی مدت کے لیے کرایہ میں اضافے پر اپیل کرنے کے حق سے دستبردار ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرایہ کا REBATE یا دوسری مراعات جو اسی رقم جس کا معاہدے میں ذکر ہو، سے حاصل کرنے سے بھی دستکش ہو جاتا ہے۔ کرایہ کی شرح میں اضافے کا معاہدہ ۳۱ دسمبر 1975 کے بعد لاگو نہیں ہوتا اور یکم جنوری 1976 کے بعد لاگو ہونے والے کرایہ کی شرح پر کرایہ دار کا حق اپیل دستبردار ہو جاتا ہے۔ کرایہ کی شرح میں اضافہ کا معاہدہ

مالک مکان کو اس قانون کی خلاف ورزی سے آگاہ رہنا چاہیے کہ اگر وہ یکم جنوری 1976 کے بعد کی ہونے والے اضافے کرایہ کے لیے RENT REVIEW آفیسر سے اجازت حاصل کرے جو کرایہ جنوری 1976 کے کرایہ کے آٹھ فیصد سے زیادہ ہو۔

جب مالک مکان اور کرایہ دار آٹھ فیصد سے زیادہ کرایہ میں اضافہ پر راضی نہ ہوں تو کرایہ دار ۳۱ جنوری 1976 تک آٹھ فیصد سے زیادہ ادا کی ہوئی رقم واپس حاصل کرنے کا حقدار ہے۔ اگر مالک مکان یہ رقم ادا نہ کرے تو کرایہ دار RENT REVIEW آفیسر کو درخواست دے سکتا ہے۔

اگر کوئی کرایہ داری کا معاہدہ یکم جنوری اور ۳۱ جولائی 1976 کے درمیان شروع ہوتا ہے یا تجدید ہوتا ہے تو آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیے:—

جو مالک مکان یہ چاہتا ہے کہ آٹھ فیصد سے زیادہ اضافہ چاہتا ہے تو اسے RENT REVIEW آفیسر کو درخواست دینی چاہیے [illegible] میں اضافہ شروع ہونے کی تاریخ سے کم از کم ساٹھ دن پہلے [illegible] اضافہ جو یکم جنوری اور ۲۹ فروری 1976 کے درمیان شروع ہو [illegible] ۳۱ جنوری 1976 تک درخواست دی جانی چاہیے۔ جو کرایہ دار کرایہ میں اضافے پر اپیل کرنا چاہے اُسے ساٹھ دن کی مہلت ملتی ہے کہ اپنی درخواست جس میں مالک مکان کرایہ میں اضافہ کرنے کا حق بجانب ثابت کرنے کو کہا جائے۔ اگر سماعت کی ضرورت پڑے تو RENT REVIEW تاریخ مقرر کر کے مالک مکان اور کرایہ دار دونوں کو مطلع کرے گا۔

سماعت کے بعد RENT REVIEW آفیسر کرایہ کی شرح مقرر کرے گا اور وہ پچھلی رقم کے حساب سے [illegible]

کرایہ داری کا معاہدہ کیا ہے؟

کرایہ داری کا معاہدہ کرایہ دار کو کسی خاص رہائش گاہ میں رہنے کا حق دیتا ہے یا کسی رہائش گاہ کرایہ پر حاصل کرنے کے حق کی تجدید کرتا ہے۔ یہ معاہدہ زبانی یا تحریری ہو سکتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں اگر آپ کے پاس تحریری LEASE نہ بھی ہو تو آپ قانون کی حد میں ہیں۔

تحریری معاہدوں کے لیے اہم تاریخ وہ ہوتی ہے جبکہ معاہدے پر دستخط ہوتے ہیں اور اہم تاریخ وہ ہے جب سے کہ معاہدے پر عمل شروع ہوتا ہے۔

مکان کے کرایہ کی تنقیح کا قانون عوام اور حکومت کو ایک سال کا تجربہ مہیا کرے گا۔

سماعت میں کیا ہوگا؟


کرایہ دار، مالک مکان یا ان کے نمائندے RENT REVIEW آفیسر کے سامنے اپنا کیس پیش کریں گے [illegible] RENT REVIEW آفیسر کے فیصلے پر اپیل کرنے کے حق کو ختم کر دیتی ہے۔ یہ سماعتیں بالکل غیر رسمی ہوں گی [illegible] RENT REVIEW آفیسر کو اختیار ہوگا کہ وہ گواہوں کو طلب کرے یا [illegible]

کرایہ دار کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کرایہ کا اضافہ غلط ہے تو آفیسر مالک مکان کو اس سے مقرر کیے ہوئے سے زیادہ اضافے کی اجازت نہ دے سکتا ہے۔

جب مالک مکان کو اپنی موجودہ یا مطلوبہ شرح کرایہ کو حق بجانب ثابت کرنے کی ضرورت ہو تو RENT REVIEW آفیسر [illegible] کو ہی معلومات مہیا کرنی ہے۔

جب کوئی [illegible] قانون [illegible] RESIDENTIAL PREMISES RENT REVIEW ACT [illegible]

Rent Review,
Box 580,
Postal Station F
Toronto, M4Y 2L8



Province of Ontario

عوام سنت ابراہیمی کی تکمیل اور رضائے الٰہی کے حصول کے لئے خود کو وقف کردیں

اسلامی اور جمہوری قدروں کے تحفظ اور فروغ کے لئے متحد ہو جائیں۔

عیدالاضحٰی کے موقع پر صدر پاکستان مسلم لیگ پیر صاحب پگاڑو کا پیغام

نظام خاندان کے ایک رکن کے گھر سے ۲۶ لاکھ پونڈ کے زیورات اور جواہرات برآمد ہوئے

اقتصادی جرائم کے مرتکب افراد کو سات برس تک قید کی سزا دی جائے گی، بھارتی ترجمان



—— شاہ خالد

ممتاز شاعر مشیر کاظمی انتقال کر گئے

دل کا دورہ جان لیوا ثابت ہوا



مشیر کاظمی مرحوم کے سرہانے ان کا سوگوار فرزند



مشیر کاظمی کا سفر آخرت

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورونٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

شہدائے کربلا کی عظمت اور سوادِ اعظم

جوشِ خطابت میں بھائیوں کے جذبات مجروح نہیں کئے جانے چاہئیں

... شہیدوں کی عظمت، ہمارا ہماری تاریخ حیات میں ... میدان کربلا میں حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء نے جس عزم و ایثار اور بہادری کا مظاہرہ کیا ہے وہ تاریخ ... تازہ روحِ اسلام رہے گا۔

عاشورہ محرم الحرام ایک طرف تو کلام و مصائب شہیدانِ کربلا کی یاد میں ہمیں خون کے آنسو رلاتا ہے تو دوسری طرف اسلام کے ان عظیم دلاوروں اور فرزندانِ جلیل کے اس عزم بلند اور جذبۂ ایثار و وفا کی نشان دہی کرتا ہے جو ہمیشہ مجاہدوں کا سرکیا رہے گا شہید کربلا حسین علیہ السلام اور ان کے رفقائے عظیم نے فاسق و فاجر اور جابر سلطان کے سامنے کلمۂ حق کہہ کر اور فسق و فجور کے سامنے سینہ سپر ہو کر اپنے خون سے وہ رنگین و سادہ مثال قائم کی جس کی تابانی اور درخشانی ہمیشہ قائم رہے گی۔ شہادتِ حسینؓ ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ ہم بھی اسی حق پرستی حق گوئی اور جذبۂ ایثار کا مظاہرہ کریں جس کی مثال سرزمین کرب و بلا میں شہیدانِ کربلا نے قائم کی تھی۔

امام حسینؓ اور ان کے رفقاء کسی خاص گروہ، کسی خاص فرقہ یا کسی خاص مکتبۂ فکر کے منظورِ نظر و قلب نہیں ہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ جگر گوشے تمام مسلمانانِ عالم کے لئے یکساں طور پر قابلِ احترام عظیم اور مرکزِ عقیدت ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔

ہر مکتبۂ فکر کو مکمل آزادی ہے کہ وہ سانحۂ کربلا کی یاد اپنے اپنے طریق اور نقطۂ نظر سے منائے۔ کربلا کی یاد منانے کے دو طریقے ہیں اول مجلس و ماتم، دوم قرآن خوانی ایصالِ ثواب، درود و سلام۔ اس یاد کو جو جس طریقے سے منانا چاہے وہ اسے اختیار کرے، جو دوسرا طریقہ اپنانا چاہے وہ اسے اپنائے۔ دونوں کا مقصد شہید کربلا کی یاد ہے لیکن انداز علیحدہ علیحدہ ہیں مگر انداز کے اس اختلاف کو وجہ پیکار نہیں بنانا چاہئے۔ حضرت حسینؓ کے منکر روزِ حشر شافعِ محشر کے حضور شرمسار ہوں گے۔ اللہ اور اس کے رسولؐ مقبول معظم کے نام لیواؤں میں سے کون یہ چاہے گا کہ وہ روزِ حساب داورِ محشر اور شافعِ کوثر کے حضور شرمسار ہو۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ برسرِ منبر اور وہ بھی ... ابلاغِ عامہ استعمال کرتے ہوئے ایسے لاکھوں مسلمان دیکھتے اور سنتے ہیں، ایسی باتیں کہنے سے گریز کیا جائے جو کسی کی دل آزاری کا سبب بن سکتی ہوں۔ کسی کی دل آزاری اسلام ہی میں نہیں بلکہ دوسرے مذاہبِ عالم میں بھی گناہِ کبیرہ ہے۔

دل بدست آور کہ حج اکبر است

ذاکرین واقعۂ کربلا جس انداز میں چاہیں ذکرِ امام و مصائب شہیدانِ کربلا کریں۔ حضار مجلس ... اس قدر جانیں روشن لیکن ان پر اخلاقاً یہ بھی لازم ہے کہ وہ کوئی ایسی بات نہ کریں اور نہ کہیں جو بارگاہِ رسالتؐ کے دوسرے مقربین کے احترام اور عظمت کے منافی ہو۔ رسالتمآبؐ کے وہ مقربین خاص جن کے جنتی ہونے کی بشارت خود سرورِ کائنات نے دی تھی۔ یہ وہ پروانہ ہائے شمعِ رسالتؐ ہیں جنہیں علی مرتضیٰؓ اور حسینؓ کی طرح مسلمانانِ عالم اپنی متاعِ زیست سمجھتے ہیں۔

ذاکرین مجالس عاشورہ کے زورِ بیان اور ان کی جادو بیانی سے کسے انکار۔ یہ جادو بیان اس حقیقت کو نظر انداز نہ کر دیا کریں کہ مجلس عزا میں شریک عزاداروں کے علاوہ دوسرے مکاتب فکر کے مسلمان بھی ان کے مشاہدۂ عالیہ کو سنتے ہیں۔ ان کو یہ بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ ان سامعین میں بہت سے پڑھے لکھے لوگ ایسے بھی ہیں جو ان کے بعض کنایات جملوں کا مطلب جو وہ جوشِ بیان میں فرما جاتے ہیں بخوبی سمجھ سکتے ہیں ان کی تقریر کے وہ اشارے جو لاکھوں مسلمانوں کی دل آزاری کا سبب بن سکتے ہیں اس قدر پیچیدہ اور مبہم نہیں ہوتے کہ پڑھے لکھے لوگ ان کو نہ سمجھ سکیں۔

علی مرتضیٰؓ ہم سب کے رہنما تھے۔ حسینؓ ہم سب کے رہبر تھے انہوں نے ایثار و قربانی کی ایسی راہیں دکھلائی ہیں جو مسلمانوں کو ان کی منزل تک پہنچا سکتی ہیں۔ تسلیم و رضا کی راہیں، ایثار و قربانی کی راہیں لیکن یہ کہنا کہ وہ رہنما جو یہ کہہ دے کہ اگر مجھے صراطِ مستقیم سے بھٹکتے دیکھو تو مجھے روک دو۔ مجھ سے جواب طلب کرو۔ مجھے سیدھا راستہ دکھاؤ۔ رہنمائی کا مستحق نہیں سراسر بے انصافی اور غلط بیانی ہے۔ ہمارے نزدیک وہ رہنما بہت ہی صاحبِ کردار رہنما ہے جو اپنے آپ کو عقلِ کل نہیں سمجھتا، جو ہر اچھے کاروائی کے مشوروں کو قبول کرتا ہے اور پھر وہی کرتا ہے جو درست اور حق ثابت ہو۔

بعد از خدا سرورِ دو عالمؐ ہی بزرگ ہیں۔ ان سے بڑھ کر رہنما اور کون ہو سکتا ہے یا کبھی ہوگا۔ یہ عظیم رہنما بھی خدا سے یہی دعا مانگا کرتے تھے کہ اے میرے مولا میری رہنمائی کر۔ تو پھر اگر کوئی دوسرا رہنما یہ کہہ دے کہ اگر میں کبھی بھول سے غلط راہ اختیار کروں تو مجھے میری غلطی سے آگاہ کر دو، تو اسے رہنما کہنے سے کیوں گریز کیا جائے۔ خود امام الشہداء دشتِ کربلا میں مجلسِ مشاورت قائم فرماتے تھے کس قدر عظیم ہے وہ رہنما جو اپنے ساتھیوں سے یہ کہے کہ میں انسان ہوں مجھ سے بھی غلطی ہو سکتی ہے اگر مجھ سے کوئی غلطی ہو جائے تو اسے نظر انداز نہ کرنا تاکہ میری وہ غلطی مسلمانوں کے لئے کوئی سانحۂ عظیم نہ بن جائے۔

شہادتِ حسینؓ
ہمیں باطل کے سامنے
سینہ سپر ہونے کا سبق دیتی ہے!

رخصت ہوا
شورش



شورش پہ ہوئی آج سے یہ قیدِ جہاں بند
شورش کا مقدر تھا اسیری ہی اسیری
او شہرِ خموشاں کو ہے رخصت ہوا شورشؔ
اے اہلِ وطن آج ہوا موت کے ہاتھوں
تقریر کا رستم تھا تو تحریر کا سہراب
ایوان لرز اٹھتے تھے اک گونج سے جس کی
شورش کو دباتے ہو؟ دبا ہے نہ دبے گا
ہر دور میں زنجیر بپا طوق بگردن
اقبالؔ کا شاہین تھا تو آزادؔ کا مومن
گفتار میں کردار میں حیدرؔ کے تھے تیور
ہر اشک میں تھی غیرتِ ایمان کی سرخی
شورش تھا درِ ختمِ نبوت کا گداگر
اس حق کے پرستار نے تسکین نہ پائی
کس دورِ ہوس میں وہ ہمیں چھوڑ گیا ہے

لو قبر میں ہونے کو چلا شعلہ بیاں بند
رہتا تھا یہاں بند، ہوا آج وہاں بند
اس شہر سے پھر لوٹ کے آتا ہے یہاں بند
علم و ادب و شعر کا اک جلد جواں بند
الفاظ میں کر لیتا تھا وہ کون و مکاں بند
ہے آج تہِ خاک وہ جرأت کا نشاں بند
شورش کا کہاں ہوتا ہے سیلابِ رواں بند
لوہے کی سلاخوں میں رہا شعلہ فشاں بند
پردے میں کفن کے ہوا اک فکر و بیاں بند
سینے میں تھا فاروقؓ کا اک عزمِ جواں بند
ہر آہ میں تھا مسجدِ اقصیٰ کا دھواں بند
اس عشق میں کرتا رہا آوازِ سگاں بند
جب تک نہ ہوئی ملک میں باطل کی زباں بند
سب سازِ خیال آج ہوئے سب نغمۂ جاں بند

مولانا ظفرؔ اور بخاریؔ کا چھپا عکس
مرحوم نظامیؔ کی ہوئی طرزِ فغاں بند

مستقیم حمسی ماہ طبی

۱۔ علامہ اقبالؒ ۲۔ مولانا ابوالکلام آزادؒ ۳۔ مولانا ظفر علی خاںؒ ۴۔ سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ ۵۔ حمید نظامی مرحوم

آغا شورش کاشمیری مرحوم نے اپنے ہفت روزہ "چٹان" کے آخری پرچے میں اپنے قلمی نام اسرار بدیری سے ایک نظم بعنوان "مغل شہزادے" شائع کی تھی۔ اور اسے ان کی آخری نثری و شعری کاوش کا نام دیا جا سکتا ہے۔ اس نظم کے مطالعے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ مرحوم محض ایک شعلہ نوا جادو بیان اور بے باک خطیب، ایک تحریک ساز صحافی، ایک قادر الکلام شاعر اور اسلوب ساز اہلِ قلم ہی نہیں تھے بلکہ تاریخ پر بھی ان کی نگاہ بڑی گہری تھی۔ ہماری موجودہ سیاست میں انہیں سلطنتِ مغلیہ کے دورِ زوال کی جو عبرتناک جھلک نظر آئی ہے وہ اذیت ناک بھی ہے اور عبرتناک بھی۔

مغل شہزادے

کوئی کمزور تھا ان میں تو کوئی تگڑا تھا
خانہ جنگی تھی کہیں، اور کہیں جھگڑا تھا

کج کلاہوں کے خیالات پراگندہ تھے — سازشیں عام تھیں، حالات پراگندہ تھے
لوگ بھی تاش کے پتوں کی طرح بٹتے تھے — اپنے ہاتھوں ہی یہ اپنوں کے گلے کٹتے تھے
سلطنت برف کی مانند پگھلتی ہی رہی — رات بےداغ اجالے کو نگلتی ہی رہی
شہزادوں کو رعیت سے کوئی کام نہ تھا — شہسواروں میں شجاعت کا کہیں نام نہ تھا
اہلِ دربار سبھی تھے مکاری کے — جال ہی جال تھے پھیلے ہوئے غداری کے

داغ ہی داغ ہیں تاریخِ جہانبانی پر
آج پھر ابل ہیں وہی وقت کی پیشانی پر

— اسرار بدیری

نورِ بصیرت

خالص توحید

اصل چیز جس کے گرد اسلام گھومتا ہے وہ توحید ہے۔ خالص توحید اللہ تعالیٰ ہی اور ایک ہیں، وحدہٗ لاشریک، کوئی ان جیسا نہیں کوئی ان کا شریک نہیں۔ کائنات پر حاکمیت صرف انہی کی ہے۔ کوئی ان پر حکم نہیں چلا سکتا۔ سفارش بھی وہی کر سکتا ہے جسے وہ اجازت دیں۔

شرک کو ظلمِ عظیم فرمایا کہ ہر گناہ کی معافی ہے مگر شرک کی معافی نہیں۔ عام طور سے شرک اس طرح شروع ہوا کہ لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی پرستش شروع کر دی۔ یہ خیال کر کے کہ وہ انہیں اللہ تعالیٰ کے قریب لے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ سورہ الزمر میں فرمایا:

"سن رکھو کہ خالص عبادت صرف اللہ کے لئے ہے۔ اور جو لوگ اس کے علاوہ اوروں کو سرپرست بناتے ہیں (اور کہتے ہیں) ہم تو ان کی عبادت صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب کر دیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ان کے مابین ان باتوں کے بارہ میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں روزِ قیامت کے روز فیصلہ کر دے گا۔"

اللہ تعالیٰ کے پیغمبر اور نیک بندے اللہ تعالیٰ کے قریب لے جا تو سکتے ہیں، مگر اس طرح کہ ان کی تعلیم پر عمل کیا جائے۔ ان کی زندگی کو اپنے لئے نمونہ بنایا جائے۔ نہ اس طرح کہ ان کی پرستش شروع کر دی جائے۔

سورہ الجن میں فرمایا "اور یہ کہ مسجدیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو" یہ تو یہ حکم عمومی حیثیت کا کہ کہیں بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو۔ البتہ مسجدوں میں خاص احتیاط رکھو۔ آج کل بعض مساجد میں عین اس وقت جب نمازیوں نے اللہ تعالیٰ کی جناب میں دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے ہوتے ہیں، امام صاحبان جناب رسالتمآبؐ کی خدمت میں یا کسی بزرگ کی خدمت میں التجا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ قرآن پاک کی اس آیت کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ مسجد میں نعت شریف کی اجازت ہے۔ حضرت حسانؓ نے مسجدِ نبوی میں حضورؐ کے سامنے نعت پڑھی۔ اس بنا پر وہاں کسی بزرگ کی منقبت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن جس وقت اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے ہوں، اس وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی سے مطلب رکھنا چاہئے۔

صورت مصطفےٰ حسینؓ سیرت مرتضےٰ حسینؓ
عشق کی ابتدا حسینؓ عشق کی انتہا حسینؓ
شامِ غمِ حیات میں بہجت سحر نور ہے
کفر کی تیرگی میں ہیں جلوۂ حق نما حسینؓ
بحرِ غمِ حیات میں اس کو نہیں ہے خوفِ غم
جس کا ہو رہنما سفینہ جس کا ہو ناخدا حسینؓ
لطف و کرم سے فیضیاب شرق و غرب ہیں سبھی
معرکۂ حیات میں سرور رہنما حسینؓ
اہلِ وفا ہیں آپ کے در سے بجا اٹھے
زینتِ بزمِ دین حسینؓ رونقِ بزم صرا حسینؓ
لائقِ بزمِ انبیاء عظمتِ لختِ مصطفےٰ
ورد ہے تا بعرش ہے ذکرِ جلی یا حسینؓ

محمد سبکتگین شاہجہانی

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ — شمارہ نمبر ۲

پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورانٹو کینیڈا

یکم جنوری ۱۹۷۶ء مطابق ۲۱ ذوالحجہ ۱۳۹۵ھ

محرم الحرام نمبر

اقوامِ متحدہ میں پاکستان، تھائی لینڈ اور بلغاریہ کے سفارتی دفاتر پر یہودیوں کے حملے

اسرائیل کے خلاف قرارداد کے حق میں ووٹ ڈالنے پر احتجاج

ماسکو — رائٹر/ پولیٹ اقوام متحدہ سے یہاں پہنچنے والی خبروں میں انکشاف کیا گیا ہے کہ آج اقوام متحدہ میں پاکستان، تھائی لینڈ اور بلغاریہ کے سفارتی دفاتر پر حملے کئے گئے۔ مظاہرین یہودی ادارے کے بعض حامی عناصر شامل تھے۔ علاوہ ازیں انہوں نے سفارتی دفاتر پر پتھراؤ کیا، کھڑکیوں کے شیشے توڑ دیئے اور پاکستان، تھائی لینڈ اور بلغاریہ کے خلاف نعرے لگائے۔ ریڈیو ماسکو نے ان حملوں کی خبر دیتے ہوئے بتایا ہے کہ ان ممالک کے خلاف احتجاج کرنے والے یہودیوں نے حال ہی میں سلامتی کونسل میں اسرائیل کے خلاف پیش ہونے والی قرارداد کی مذمت کے حق میں ووٹ ڈالے تھے۔ اسرائیل کے خلاف حالیہ ادارے کی کارروائی میں پیش پیش رہے۔ ماسکو ریڈیو کی اطلاع کے مطابق یہودی ...

حکومت جمہوری اداروں کا ہر ممکن تحفظ کرے گی

عید الاضحیٰ پر وزیر اعظم کا پیغام

راولپنڈی — اے پی پی وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے عوام ...

... پاکستان کو حقیقی ترقی کے لئے ... اور ہم قوم کو اپنے وعدے کے مطابق ... ہم ملت پاکستانیہ کو تفرقہ پرداز قوتوں سے بچانے کے لئے ہر ممکن ... بھروسہ رکھیں گے مجھے پورا یقین ہے کہ قوم کا عزم ... پر غالب آئے گا اور ہم فتح یاب ہوں گے۔

پاکستان کے خلاف ریڈیو کابل کا پروپیگنڈہ

راولپنڈی — اے پی پی پاکستان میں افغانستان کی جانب سے یوم پختونستان منانے کے اعلان کی آڑ میں حکومت افغانستان نے پاکستان کے خلاف معاندانہ پروپیگنڈہ شروع کر دیا ہے۔ ریڈیو کابل نے اپنے دو دسمبر کے تبصرے میں کہا "اب اہل سندھ کی صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے کہ ان کا حشر بھی بنگلہ دیش جیسا ہوگا" تبصرے میں پاکستان کو "نام نہاد پاکستان" کے نام سے پکار کر دھمکیاں دی گئی ہیں ... تبصرے میں کہا گیا ہے کہ اب پاکستان دو ٹکڑے ہوا چاہتا ہے۔

منیٰ میں آتشزدگی سے شہید ہونے والے حاجیوں کی تعداد ۱۳۸ ہو گئی، ۱۶۰ افراد زخمی ہوئے

زخمیوں میں مصر کے پندرہ حاجی بھی شامل ہیں

پاکستانی حاجیوں کے علاوہ آزاد کشمیر حج وفد کے ارکان کو بھی کوئی گزند نہیں پہنچا

ریاض — (ریڈیو رپورٹ/ اے ایف پی/ اے پی پی) ہفتے کے روز منیٰ میں حجاج کرام کے خیموں میں جو ہولناک آگ لگی تھی ... ایسے حجاج بھی شامل ہیں جو دردناک زخموں کی تاب نہ لا کر ... قاہرہ سے ایسوسی ایٹڈ پریس آف امریکہ کی اطلاع ...

مظفرآباد — آزاد کشمیر حکومت نے اعلان کیا ہے کہ آزاد کشمیر حج وفد کے سبھی تمام کے تمام پندرہ ارکان خیریت سے ہیں ... آتشزدگی کے اس المناک حادثے سے متاثرین کو شدید نقصان ...



وزیر اعظم بھٹو اپنے آبائی قصبہ نوڈیرو میں نماز عید ادا کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں۔

پاکستان، ترکیہ اور ایران میں تجارتی تعاون کا جائزہ

تہران — (پارس) علاقائی تعاون برائے ترقی کی تجارتی کمیٹی کے اراکین اجلاس میں باہمی تجارتی تعاون کے مسئلے پر سہ روزہ غور و خوض شروع کر دیا گیا ہے۔ اس اجلاس میں ترکیہ، پاکستان اور ایران کے مابین تجارتی تعاون کا مکمل جائزہ لیا جائے گا اور سیاحت، بینکنگ، سرمایہ کاری اور انشورنس کے مسائل میں تعاون کی صورت حال کا بھی مطالعہ کیا جائے گا۔

پدگورنی کی کابل سے واپسی!

کابل — طاس روسی صدر نکولائی پدگورنی کابل کا سہ روزہ سرکاری دورہ مکمل کر کے ماسکو واپس روانہ ہو گئے۔

دو ارب ریال کے مصارف سے منیٰ کے قریب حجاج کے لئے شہر تعمیر کیا جائے گا

شہر میں بیک وقت تیس لاکھ حجاج قیام کر سکیں گے

منیٰ میں ذبیحہ کی مشینیں اور گوشت صاف کرنے کے آلات نصب کئے جائیں گے۔ سعودی وزیر اطلاعات

— اے پی پی سعودی عرب کے وزیر اطلاعات ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی نے کہا ہے کہ اگلے سال منیٰ کے نزدیک دو ارب ریال کے مصارف سے حجاج کے لئے ایک شہر کی تعمیر کا کام شروع ہو جائے گا ... پورے شہر کی تعمیر کا کام حکومت سعودی عرب کی اس حکمت عملی کے مطابق ہے جس کا مقصد حاجیوں کو زیادہ سے زیادہ آرام و آسائش مہیا کرنا ہے۔ سعودی وزیر نے کہا کہ شہر مختلف گروپوں کے سیکٹروں پر مشتمل ہوگا جس میں بیک وقت تیس لاکھ حاجی ٹھہر سکیں گے۔

سعودی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ منیٰ کے میدان میں جہاں قربانیاں دی جاتی ہیں، ذبح کرنے کے جدید مشینیں نصب کی جائیں گی تاکہ حجاج کو قربانی دینے میں سہولت ہو۔ اس سلسلے میں اسی سال کے دوران ... ملین ریال خرچ کئے جائیں گے اور ذبیحہ کی مشینیں اور گوشت صاف کرنے کے آلات نصب کئے جائیں گے۔ حکومت سعودی عرب منیٰ کے علاقے میں مختلف سہولتیں مثلاً پانی، بجلی اور گندے پانی کی نکاسی کے انتظامات ...

سعودی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ حکومت سعودی عرب حرم شریف کو خوبصورت بنانے پر بھی ایک ارب ریال خرچ کر رہی ہے اور ... مسجد نبوی کی توسیع ... اس میں حرم شریف اور مسجد نبوی میں روشنی کا انتظام بھی شامل ہے۔ یہ کام ایک پاکستانی کمپنی کے سپرد کیا گیا ہے۔

بنگلہ دیش پاکستانی بھائیوں کی ترقی اور خوشحالی کا متمنی ہے

اسلام آباد — (اے پی پی) صدر بنگلہ دیش جسٹس اے ایس ایم سائم نے صدر پاکستان مسٹر فضل الٰہی چوہدری کے نام عید مبارک کا پیغام بھیجا ہے۔ صدر بنگلہ دیش نے اپنے پیغام میں پاکستانی بھائیوں کی ترقی و خوشحالی کی مخلصانہ خواہش اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

خیال رہے کہ بنگلہ دیش کے صدر صائم کی طرف سے پاکستان کے کسی رہنما کے نام یہ پہلا پیغام ہے۔ اس سے پہلے سابق صدر خوندکر مشتاق کی طرف سے بعض پیغامات موصول ہوئے۔

الجزیرہ بنک پاکستان میں سعودی عرب کی سرمایہ کاری کی کوششیں جاری رکھے گا

کراچی — اے پی پی الجزیرہ بنک کے چیئرمین شیخ عبدالعزیز الحمدان نے پاکستان بینکنگ کونسل کے چیئرمین مسٹر ... سے گفتگو کرتے ہوئے ... پاکستان میں سعودی عرب کی سرمایہ کاری کو ... جاری رکھے گا ... انہوں نے کہا پاکستان میں سرمایہ کاری کے بہت امکانات ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی ... نے اپنی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔



حکومتِ پاکستان نے ایم خورشید کو بنگلہ دیش میں سفیر مقرر کر دیا



ایم خورشید

اسلام آباد — اے پی پی حکومت پاکستان نے مسٹر ایم خورشید کو عوامی جمہوریہ بنگلہ دیش میں سفیر مقرر کیا ہے۔ پاکستان اور بنگلہ دیش کے مابین سفارتی تعلقات قائم کرنے کا فیصلہ تو چند ماہ قبل کر لیا گیا تھا اور ۱۵ اگست کو شیخ مجیب کی حکومت ختم ہونے کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات قائم کرنے کے سلسلے میں مزید تحریک ہوئی تھی۔ وزیر اعظم بھٹو نے بھی پاکستانی سفیر جلد مقرر کرنے کے سلسلے میں بعض موقعوں پر اخبار نویسوں کے سامنے اظہار خیال کر چکے تھے چنانچہ آج حکومت پاکستان نے بنگلہ دیش میں مسٹر ایم خورشید کو سفیر مقرر کرنے کا اعلان کیا۔ مسٹر خورشید راولپنڈی کے رہنے والے ہیں اور اس وقت ان کی عمر ... برس ہے۔ وہ پہلے آئی سی ایس میں ... اور ... میں انہوں نے سرکاری ملازمت اختیار کی۔